مولانا حکیم محمد یعقوب اجملی (ایڈیٹر "عوامی ترجمان" کراچی) نے تحفۂ محرم الحرام میں قرآن و حدیث، ائمہ امت کے فرامین اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ارشادات کی روشنی میں یہ ثابت کیا ہے کہ یہ تمام رسوم سب کے نزدیک شرعاً حرام ہیں۔

مولانا اجملی کا یہ تحقیقی شاہکار اس لحاظ سے خصوصی اہمیت کا حامل ہے کہ نابینا ہونے کے باوجود انہوں نے موضوع کا حق ادا کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں اس کا اجر جزیل عطا فرمائے ـــــ ہم اپنے بھائیوں کو اس رسالہ کے مطالعہ کی خصوصی دعوت دیتے ہیں۔

نام کتاب . . . گلدستۂ طب و صحت

مؤلفہ . . . زبدۃ الحکما حکیم نور احمد (تمغہ یافتہ)

ضخامت . . ۲۶۱ صفحات (کتابی سائز)

قیمت . . . دس روپے (کتابت و طباعت عمدہ، کاغذ سفید)

ناشر . . . مکتبہ نور الصحت، عبدالکریم روڈ۔ قلعہ شاہ فیصل، لاہور

علم ایک ایسی دولت ہے کہ اسے جتنا خرچ کرو، اسی قدر یہ بڑھتی ہے۔ اور جتنا اسے چھپا کر، دبا کر رکھو، یہ زوال پذیر ہوتی ہے۔ علمِ طب بھی ایک ایسا ہی علم ہے ـــ گو اس میدان میں اترنے والے خدمتِ خلق کا نعرہ لگا کر اترتے ہیں مگر حقائق بہت کم اس کی تائید کرتے ہیں۔ کوئی اچھا نسخہ اگر ہاتھ آ جائے تو اسے گناہ کی طرح مخفی رکھا جاتا ہے۔ اور اس طرح ایک لازوال دولت کو، ایسی دولت کی بھینٹ چڑھا دیا جاتا ہے جس کی اہمیت گھٹتی بڑھتی چھاؤں سے زیادہ نہیں اور جو کبھی ایک دیوار کے اِس پار ہوتی ہے تو کبھی اُس پار!

دراصل آجکل "للہیت" کو خیر باد کہہ دیا گیا ہے اور مادی اور ذاتی فوائد کو زیادہ اہمیت دی جا رہی ہے جس کا نتیجہ عموماً یہی ہوتا ہے کہ ؎ نہ اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے! ـــ جبکہ رضائے الٰہی اگر پیشِ نظر ہو تو انسان نہ تو مادی دنیا میں گھاٹے میں رہتا ہے اور نہ ہی اخروی اور روحانی طور پر ـــ میدانِ طب میں اگر واقعی جذبۂ خدمتِ خلق کو سامنے رکھا جائے تو یقیناً یہ رضائے الٰہی کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔

حکیم نور احمد صاحب نے یہ کتاب اسی جذبہ کے تحت لکھی ہے جس میں انہوں نے پھلوں، پھولوں، سبزیوں اور جڑی بوٹیوں سے نہایت آسان اور سستے طریقۂ علاج پر مشتمل تقریباً سو سے زائد مجرب نسخہ جات تحریر کئے ہیں۔ ان کا مطمح نظر یہ ہے کہ پاکستان جیسا غریب ملک اپنے درختوں، پھلوں اور گھاس پھوس سے مفت علاج کر کے اپنے گاڑھے پسینے کی کمائی دوسری اہم ملکی ضرورتوں پر خرچ کرے

تو اس کی خوشحالی میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ کتاب کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ اس کے مطالعہ سے طبی ذہن بنتا ہے اور بہت سی اصولی باتیں اور کلیات ذہن نشین ہوتے ہیں ـــــ طب و صحت کے سلسلے میں حکیم صاحب کی دوسری خدمات کے علاوہ یہ ایک بہت بڑی خدمت ہے کہ حکماء کے علاوہ عوام بھی اس سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں گے۔

تبصرہ کیلئے کتاب کی دو جلدیں بھیجنا ضروری ہے!

نعتوں کا بیمثال مجموعہ

صلی اللہ علیہ وسلم

مرتبہ

رآز کاشمیری

رابطہ کیلئے ـــــــــــــ رآز کاشمیری، حاجی پورہ۔ گوجرانوالہ

ضرورت رشتہ

ایک صالح، نیک سیرت، مسلک اہلحدیث سے تعلق رکھنے والے لڑکے کا رشتہ درکار ہے، دوکاندار ہو یا ملازمت پیشہ، پنجاب کا رہنے والا شہری ہو اور پٹھان یا راجپوت خاندان سے تعلق رکھتا ہو ـــــ درج ذیل پتہ پر خط و کتابت کریں: عبدالرحمان خان، عبدالرشید خان ۔ قوم پٹھان، کلاتھ مرچنٹ، مین بازار۔ ہارون آباد ضلع بہاولنگر

(۲)

ایک انتہائی نیک سیرت، عالم دین، متقی، عمر تقریباً ۲۵ سال، خوبصورت، صحتمند، قوم بلوچ، ماہانہ آمدنی تقریباً ایک ہزار روپیہ، کیلئے، اہلحدیث خاندان سے متعلق نیک سیرت کنوارہ یا بیوہ رشتہ درکار ہے۔ دفتر "ترجمان" کے پتہ پر خط و کتابت کریں۔